DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا لاہور

جلد نمبر 24 | منگل، 22 شوال المکرم 1435ھ، 19 اگست 2014ء، 4 بھادوں 2071ب | شمارہ 290
رجسٹرڈ نمبر 357 | فون نمبر: 042-111-177-777 فیکس نمبر 042-36296817 | صفحات 16 قیمت 12 روپے



پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کے عہدیداران پریس کانفرنس کرتے ہوئے

## عالمی قوتیں عراق کے مظلوم مسیحیوں کو تحفظ دیں: پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کے عہدیداروں نے گزشتہ روز پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ عراق کے شہر موصل ڈیم میں داعش نامی تنظیم کے جنگجوں نے گزشتہ دو ہفتوں سے وہاں پر کئی سالوں سے مقیم مسیحیوں پر ظلم و بربریت کی انتہا کر دی ہے اوران کے ان سفاکانہ و ظالمانہ کارروائیوں کہ وجہ سے مسیحی ہجرت کر کے شہر خالی کرنے پر مجبور ہیں۔ جوزف فرانسس نے کہا کہ ہم تمام عالمی قوتوں سے اپیل کرتے ہیں کہ عراق کے مظلوم مسیحیوں کو تحفظ دیا۔

ABC CERTIFIED
لاہور/اسلام آباد/راولپنڈی، گوجرانوالہ، پشاور اور کراچی سے شائع ہونے والا قومی اخبار

روزنامہ سما لاہور
Daily SAMA

چیف ایڈیٹر منور احمد
ایڈیٹر: عاطف سعید

جلد 07 | منگل 19 اگست 2014ء 22 شوال 3 بھادوں 2071 ب صفحات 12 قیمت 10 روپے | شمارہ 195



پاکستان نیشنل کرسچن پارٹی کے چیئرمین جوزف فرانسس پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کا اسرائیلی جارحیت کیخلاف احتجاج کا اعلان

لاہور (سماء رپورٹر) پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کے چیئرمین جوزف فرانسس نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے فلسطینیوں پر ظلم و بربریت، درندگی اور شمالی عراق میں دہشت گرد تنظیم کی جانب سے مسیحیوں پر کیے جانے والے ظلم کے خلاف پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی 21 اگست کو پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کرے گی، یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز لاہور پریس کلب میں کی جانے والی پریس کانفرنس میں کیا، اس موقعہ پر پارٹی کے وائس چیئرمین مارٹن جاوید مائیکل کیتھرین سپنا سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

جلد 3 | منگل 22 شوال 1435ھ 19 اگست 2014ء 4 بھادوں 2071ب | صفحات 16 | قیمت 12 روپے | شمارہ 310

www.naibaat.com e-mail: info@naibaat.com

## امن فوج کو عراق میں بھیجا جائے 21 اگست کو اسرائیل کے خلاف مظاہرہ کرینگے: جوزف فرانسس

لاہور (جنرل نیوز رپورٹر) اسرائیل کی جانب سے فلسطین کے مسلمانوں اور مسیحیوں کے قتل عام اور جارحیت کے خلاف انسانی حقوق کے ادارہ کلاس کے زیر اہتمام پریس کلب لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کے چیئرمین جوزف فرانسس، وائس چیئرمین مارٹن جاوید مائیکل، کلاس کی پروگرام افسر کیتھرین سپنا سمیت دیگر نمائندوں نے کہا کہ فلسطینی صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ مسیحی بھی مقیم ہیں، 1967ء میں جب اسرائیل نے فلسطین پر قبضہ کیا تو ریاست کے قیام کیلئے مزاحمتی تحریک کی قیادت مسیحی رہنما جارج حبش نے کی۔ اقلیتی رہنماؤں نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ امن فوج کو عراق کے شہر موصل ڈیم بھیج کر مسیحیوں کو فوری تحفظ فراہم کیا جائے۔ علاوہ ازیں پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی نے اعلان کیا کہ عراق میں معصوم مسیحیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے 21 اگست کو سہ پہر تین بجے لاہور پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔



پاکستان نیشنل کرسچین پارٹی کے چیئرمین جوزف فرانسس پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ پاکستان لاہور

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی

THE DAILY PAKISTAN LAHORE

ایڈیٹر: عمر مجیب شامی

جلد 25 | منگل، 22 شوال المکرم 1435ھ، 19 اگست 2014ء، 5 بھادوں 2071ب، صفحات 16، قیمت 12 روپے | شمارہ 173




پاکستان کرسچین پارٹی کے چیئرمین جوزف فرانس پریس کانفرنس کر رہے ہیں ان کے ساتھ مارٹن جاوید مائیکل، سیموئیل پیارا اور کیھترین سپنا بیٹھی ہیں

Daily JINNAH Lahore

روزنامہ جناح لاہور

جلد 10 | منگل 22 شوال 1435ھ 19 اگست 2014ء 4 بھادوں 2071 ب صفحات 12 قیمت 12 روپے | شمارہ 222



پریس کلب میں پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی کے چیئرمین جوزف فرانسس پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

# عراق کے مظلوم مسیحیوں کو جینے کا حق دیا جائے، جوزف فرانسس

## شمالی عراق کے شہر "موصل ڈیم" میں دہشت گرد تنظیم نے مسیحیوں کے سر قلم کر دیئے، پریس کانفرنس

لاہور (پ ر) پاکستان کرسچین نیشنل پارٹی (پی سی این پی) کے چیئرمین جوزف فرانسس نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن عزیز پاکستان ہی نہیں بلکہ دنیا کے کسی کونے میں بھی انسانوں کے حقوق کی پامالی اور ان پر ہونے والے ظلم و بربریت اور زندگی کی بلاامتیاز مذہب و ملت، فرقہ و گروہ، رنگ و نسل ہم نے ہمیشہ بھرپور مذمت کی ہے ہم نے گزشتہ مہینوں میں نہتے معصوم فلسطینیوں پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری اور جارحیت کی پریس کانفرنس، بیانات اور مظاہروں کے ذریعے مذمت کی، فلسطینی صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ مسیحی بھی ہیں فلسطین ریاست کے قیام کے لیے مزاحمتی تحریک کی قیادت مسیحی رہنماؤں جارج حبش نے کی اور دنیائے عالم میں ایک انوکھی تاریخ رقم کرنے والی پہلی مجاہدہ لیلیٰ خالد بھی مسیحی تھی۔ انہوں نے کہا کہ شمالی عراق کے شہر "موصل ڈیم" میں دہشتگرد تنظیم نے مسیحیوں کے سر قلم کر دیئے ہم تمام عالمی قوتوں سے اپیل کرتے ہیں کہ عراق کے مظلوم مسیحیوں کو جینے کا حق دے کر تحفظ دیا جائے۔

Daily Hareef

چیف ایگزیکٹو: حاجی اخلاق احمد

روزنامہ حریف لاہور

چیف ایڈیٹر: میاں ایم مشتاق

جلد نمبر 8 | منگل 19 اگست 2014ء، 22 شوال، 1435ھ، 4 بھادوں 2070 بکری | شمارہ نمبر 165




پی سی این پی کے چیئرمین جوزف فرانسس، سنیئر وائس چیئرمین مارٹن مائیکل ترجمان سیموئیل پیارا آفیسر کیتھرین سپنا پریس کانفرنس کررہے ہیں

# عراق کے شہر میں قتل وغارت قابل مذمت ہے: جوزف فرانسس

## اقوام متحدہ اپنی امن فوج کو عراق کے شہر موصل ڈیم میں بھیج کر مسیحیوں کی حفاظت کریں

## 24 اگست کو تمام گرجا گھروں میں خصوصی دعائیں کی جائیں گی، چیئرمین کرسچن نیشنل پارٹی

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان کرسچن نیشنل پارٹی (پی سی این پی) کے چیئرمین جوزف فرانسس، سینئر وائس چیئرمین مارٹن جاوید مائیکل ترجمان سیموئیل پیارا، انسانی حقوق کے ادارہ ''کلاس'' کی پروگرام آفیسر کیتھرین سپنا پی سی این پی کے مرکزی رہنما ضیا کھوکھر، اقبال کھوکھر، وکٹر بابر نے لاہور پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کی جس میں عراق کے شہر موصل ڈیم میں تکفیری جنگجو اور دہشت گرد تنظیم ''داعش'' کی زمانہ سے نسل در نسل آباد محب وطن نہتے اور معصوم مسیحیوں پر انسانیت کو شرما دینے والے مظالم اور وحشیانہ درندگی کرتے ہوئے قتل وغارت گی کا بازار گرم کر کے اپنی حراست میں لے کر جبراً'' تبدیلی مذہب پر مجبور کرنے اور انکار کرنے پر بے شمار مردوں کو سولی پر لٹکا کر سر قلم کرنے اور بچوں کو نیزوں پر چڑھانے، عورتوں اور نوجوان بیٹیوں کو والدین کے سامنے برہنہ کر کے زبردستی زنا کر کے ان کو ذبح کرنے اور مسیحیوں کو گھر بار چھوڑ کر ہجرت کرنے پر مجبور کرنے کی پرزور مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ بالخصوص مسلم مسیحی اتحاد کے داعی اور بین المذاہب ہم آہنگی کا پرچار کرنے والوں نے کیوں مجرمانہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے عراق کے مظلوم مسیحی نام نہاد علمبرداروں سے سوال کرتے ہیں کہ کہاں کھو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم تمام عالمی قوتوں سے اپیل کرتے ہیں کہ عراق کے مظلوم مسیحیوں کو جینے کا حق دے کر تحفظ مہیا کریں اور اقوام متحدہ اپنی امن فوج کو عراق کے شہر موصل ڈیم میں بھیج کر مسیحیوں کی حفاظت کریں تاہم پی سی این پی کے عہدیداران نے عراق کے مسیحیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے مورخہ 21 اگست کو تین بجے لاہور پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کرے گی اور 24 اگست کو تمام گرجا گھروں میں خصوصی دعائیں کی جائیں گی۔

INTERNATIONAL
THE NEWS
Tuesday
August 19, 2014

# Govt urged to flay killings of Christians

**By Our Correspondent**
**LAHORE**

IN a joint press conference here Monday, members of Pakistan Christian National Party and Centre for Legal Aid Assistance and Settlement demanded the government to condemn the killings of Christians in Iraq, on all international fora.

Addressing the conference, vice-chairman of Pakistan Christian National Party Martin Javed Michael said the situation in Iraqi city of Mosul, which has been captured by ISIS activists, had come to a critical stage. Since last month, a group affiliated with ISIS had killed numerous Iraqi Christians in Mosul Dam, said Michael. He said they were killing Christians in a gruesome manner by cutting the necks and hanging them on a cross for public display. He said Iraqi Christian children had been killed by militants using deadly weapons, and women and girls were raped in front of their parents.

The Pakistan Christian National Party leader said Christians were helpless and hopeless due to this endless violence in Iraq. Dozens of them have migrated to other countries for safety, he said. Centre for Legal Aid Assistance and Settlement Director, Joseph Francis said Christians in Pakistan were grieved over the open violation of human rights in Iraq and hoped that their concerns over this deteriorating situation were taken into consideration by the government. He said Christians in Pakistan had raised their voice in the past against human rights violations not only in Pakistan but in other parts of the world.

Leaders of Pakistan Christian National Party said the bombing and killing of innocent Palestinians by Israel was condemnable. They said Palestine was home to not only Muslims but a large number of Christians as well who had been living there for centuries. The representatives said Christian Palestinian leader George Habash and a Christian Mujahida Laila Khalid had played a historic role in the Palestinian struggle against Israeli occupation. They said it was a drawback that Pakistani media, government representatives and human rights champions in Pakistan were silent over the killings in Iraq. Groups such as Muslim Christian Federation and groups in favour of international religious freedom were silent, neither they released statements nor arranged protest demonstrations to condemn the killings of Christians in Iraq, said Javed Michael. The Pakistan Christian National Party and Centre for Legal Aid and Assistance demanded the immediate action of United Nations against terrorism, brutality, and inhuman act of faith-based killings. It declared that it would hold protest demonstrations in solidarity with Christians in Iraq in the country and Pakistani Christians would offer special prayers in churches for the restoration of peace in Iraq.